Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالهم وملکهم

نمبر ۳۴ مطبوعہ روز شنبہ تاریخ ۳ جمادی الثانی ۱۳۵۵ھ مطابق ۲۲ اگست ۱۹۳۶ء جلد ۴۰

حصہ اول

احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان عالی دام اقبالهم وملکهم

۱	عطائے اختیار سماعت مقدمات متدائرہ اسسٹنٹ مجسٹریٹی (درجہ اول) بہ مجسٹریٹ صاحب حلقہ شمالی۔	۲
۲	منظوری رخصت کپتان صاحبزادہ سید رضا حسن خان صاحب اڈی سی۔	

حکم اجلاس اسٹیٹ کونسل الامور

۱	منظوری رخصت مولوی سید علاء الحق صاحب اسسٹنٹ مجسٹریٹ درجہ اول	۳

(مطبوعہ عالیہ اسٹیٹ پریس مصطفیٰ آباد)

احکام جلالت مآب ہمایوں اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

حکم مورخہ ۱۹ اگست ۱۹۳۶ء

بموجب رپورٹ مولوی سید نعیم الدین مجسٹریٹ حلقہ شمالی کو بزمانہ رخصت مولوی سید علاء الحق اسسٹنٹ مجسٹریٹ مقدمات تدارک مرد اسسٹنٹ مجسٹریٹی درجہ اول کی سماعت تحقیقات و تجویز کا اختیار دیا جاتا ہے۔ کاغذ برائے کارروائی اجرائے احکام عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسلہ۔

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بغرض عرض   پیر سائند

جناب عالی

مولوی سید علاء الحق صاحب اسسٹنٹ مجسٹریٹ درجہ اول نے بوجہ علالت پندرہ یوم کی رخصت رعایتی حاصل کی تھی جو ۱۳ اگست ۱۹۳۶ء کو ختم ہو گئی۔ اب پوری صحت نہ ہونے کے باعث ۱۴ اگست ۱۹۳۶ء سے ۲۰ اگست ۱۹۳۶ء تک مزید رخصت رعایتی کی استدعا کی ہے۔ جو بموجب استحقاق منظور کر لی گئی ہے۔ انتظام کار کے بارہ میں عالیمرتبت صاحب چیف جسٹس بہادر کی تجویز ہے کہ بنظر سہولت کار عدالتی مولوی نعیم الدین صاحب مجسٹریٹ حلقہ شمالی کو بعطائے اختیارات اسسٹنٹ مجسٹریٹ درجہ اول بزمانہ رخصت مولوی سید علاء الحق صاحب متذکرہ اسسٹنٹ مجسٹریٹی درجہ اول کی سماعت تحقیقات و تجویز کا اختیار عطا فرمایا جائے۔ تاکہ اپنے متعلقہ کام کے علاوہ کار متعلقہ اسسٹنٹ مجسٹریٹ صاحب درجہ اول بھی بزمانہ رخصت انجام دیں لہٰذا مستدعی ہے کہ حکم عطائے اختیارات اسسٹنٹ مجسٹریٹ درجہ اول بمولوی نعیم الدین صاحب مجسٹریٹ شمالی بغرض سماعت تحقیقات و تجویز مقدمات متذکرہ اسسٹنٹ مجسٹریٹی درجہ اول پیشگاہ معلی سے شرف نفاذ پائے۔ زیادہ حد ادب

دولت و اقبال جاوید باد

عرضی خواہ دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر معروضہ ۱۸ اگست ۱۹۳۶ء

حسب منشائے حکم ہمایوں سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو ۲۰ اگست ۱۹۳۶ء دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم مورخہ ۲۰ اگست ۱۹۳۶ء

ٹیٹہ موضہ اسٹنٹ صاحب ملٹری سکریٹری بہادر معروضہ ۲۰ اگست ۱۹۳۶ء درباره صدور حکم منظوری رخصت گیارہ یوم ہمراہ ۲۰ اگست ۱۹۳۶ء کپتان صاحبزادہ سید رضا حسن خاں بہادر ایڈی کانگ بوجہ علالت حسب رپورٹ میڈیکل بورڈ

حکم

بموجب رپورٹ ۲۰ اگست ۱۹۳۶ء کو کپتان صاحبزادہ سید رضا حسن خاں بہادر ایڈی کانگ کی رخصت ۱۴ لغایتہ ۲۴ اگست ۱۹۳۶ء منظور ہے سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں

دستخط بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

حکم اجلاس اسٹیٹ کونسل رامپور

۱۰؍ اگست ۱۹۳۶ء

حسب تحریر عالیجناب ملٹری سیکریٹری جنرل یحییٰ سید عبد الحق صاحب
...سیکریٹری ماتحت کی رخصت عارضی مدت ماہ ... از
۲۷؍ اگست ۱۹۳۶ء بسلسلہ علالت منظور کیجاتی ہے
...رخصت کی تصدیق اکاؤنٹ آفس سے ہو چکی ہے
...انتظام کار جداگانہ ذریعہ عرضداشت پیشگاہ
...گزارش کیا جائے۔

حکم ہوا کہ

...صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل
...ہو۔ اصل کاغذات بعد اجرائے احکام اسٹیٹ
...میں پیش ہوں۔

بدستخط عالیجناب ... صاحب منسٹر ...